بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

Federal Shariat Court

Islamabad 26.03.2024

ڈاکٹر محمد مطیع الرحمٰن

سینئر ریسرچ ایڈوائزر،

فون نمبر 051-9203443

پریس ریلیز

عزت مآب جناب جسٹس اقبال حمید الرحمٰن، چیف جسٹس، وفاقی شرعی عدالت نے جناب جسٹس امیر محمد خان سے وفاقی شرعی عدالت کے جج کے عہدے کا حلف لیا

آج مورخہ 26 مارچ 2024ء

اسلام آباد۔ عزت مآب جناب جسٹس اقبال حمید الرحمٰن، چیف جسٹس، وفاقی شرعی عدالت پاکستان نے، جناب جسٹس امیر محمد خان سے وفاقی شرعی عدالت کے جج کی حیثیت سے حلف لیا۔ تقریب وفاقی شرعی عدالت، اسلام آباد میں منعقد ہوئی۔ تقریب کی نظامت کے فرائض رجسٹرار وفاقی شرعی عدالت، جناب عبدالقیوم لہڑی نے ادا کیے۔

تقریب میں وفاقی شرعی عدالت کے معزز جج صاحبان، ڈپٹی اٹارنی جنرل پاکستان، وکلاء، عدالت ہذا کے افسران اور ملازمین نے شرکت کی۔ حلف برداری کی تقریب کا آغاز تلاوت کلام پاک اور نعت رسول مقبول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے ہوا۔

عزت مآب صدر اسلامی جمہوریہ پاکستان نے جوڈیشل کمیشن اور پارلیمانی کمیٹی کی سفارشات کے بعد جناب جسٹس امیر محمد خان کو تین سال کے لیے وفاقی شرعی عدالت، پاکستان کا جج مقرر کیا ہے۔ صدر مملکت نے نئے جج سے حلف لینے کی ذمہ داری جناب جسٹس اقبال حمید الرحمٰن، چیف جسٹس، وفاقی شرعی عدالت کو تفویض کی تھی۔

(ڈاکٹر محمد مطیع الرحمٰن)

سینئر ریسرچ ایڈوائزر

2024